گجرات میں تقریب تہنیت وتعارف............

ضلع گجرات سے تعلق رکھنے والے قارئین مجلّہ فقہ اسلامی نے گزشتہ دنوں ایک تقریبِ تہنیت و تعارف کا اہتمام کیا جس کا مقصد علاقہ کے دیگر اہل علم کو مجلّہ فقہ اسلامی سے واقف اور اس کی پندرہ سالہ فقہی خدمات سے روشناس کرانا تھا۔تقریب کا اہتمام جناب مفتی عبدالرحمٰن نعیمی صاحب مہتمم مرکز اہل سنت ادارہ نورالاسلام نے کیا۔ یہ ادارہ رحمٰن شہید روڈ۔عقب کفیل پلازہ۔محلّہ نظام آباد گجرات میں سرگرم عمل ہے۔گجرات یونیورسٹی کے شعبہ اسلامیات کے سربراہ جناب پروفیسر محمد نواز صاحب اور دیگر علماء کرام نے خطاب کیا......یہ احباب مجلّہ فقہ اسلامی کے مستقل قارئین ہیں اس لئے انہوں نے مجلّہ کی گزشتہ پندرہ سالہ کارکردگی پر بڑی جامع گفتگو کی اور اس کا بھرپور انداز میں تعارف کرایا......اس تقریب کا مفصل حال کسی دوسری اشاعت میں شامل کیا جائے گا (انشاءاللہ)

اس سے قبل جہلم میں قاری علامہ محمد اجمل صاحب ایسی ہی ایک تقریب اور فیصل آباد میں صاحبزادہ عطاء المصطفیٰ صاحب و مفتی محمد سلیم صاحب اسی قسم کی تقریب کا اہتمام کر چکے ہیں جبکہ جامعہ نعیمیہ لاہور میں مفتی ڈاکٹر سرفراز نعیمی صاحب نے بہت پہلے ایک تعارفی تقریب کا اہتمام فرمایا تھا ......اسلام آباد میں قاری علامہ طالب حسین صاحب ، علامہ محمد اسحاق ظفر صاحب و دیگر احباب کی معاونت سے ایک تقریب ترتیب دی گئی تھی......گجرات کے علاوہ ڈنگہ میں بھی ایک فقہی نشست کا اہتمام جناب قاری محمد طاہر اسماعیل صاحب نے کیا......ان فقہی نشستوں میں جدید فقہی مسائل پر گفتگو رہی......مجلّہ فقہ اسلامی کی خدمات کو سراہا گیا......اللہ رب العزت مزید خدمت کی توفیق مرحمت فرمائے (آمین)

ماہنامہ فقہ اسلامی کے سن ۲۰۱۴ء کے مکمل شماروں پر مشتمل

پندرھویں جلد دستیاب ھے

خواہش مند حضرات رابطہ کریں

حافظ محمد عبدالرحمٰن ثانی

ماہنامہ فقہ اسلامی۔ خطیب ہاؤس۔پی ۹۸ پنجاب ٹاؤن

وائرلیس گیٹ ملیر ہالٹ کراچی۔ 0312-2090807

التمویل المسبق للبناء ....Refinancing of Construction